جویریہ خان نے آئی سی سی ویمنز گلوبل ڈویلمپنٹ اسکواڈ کی کپتانی کو مفید تجربہ قرار دے دیا

- مختلف کنڈیشنز میں ایک نئی ٹیم کی قیادت کرنا بہترین تجربہ رہا، جویریہ خان

کراچی،10اگست 2019ء:

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی سینئر کھلاڑی جویریہ خان نے آئی سی سی ویمنز گلوبل ڈویلمپنٹ اسکواڈ کی کپتانی کو مفید تجربہ قرار دیا ہے۔

31 سالہ جویریہ خان نے سدرن وائپرز ، سرے اسٹارز اور انگلینڈ اکیڈمی کرکٹ ٹیموں کے خلاف 6 ٹی ٹونٹی میچوں میں آئی سی سی ویمنزگلوبل ڈویلپمنٹ اسکواڈ کی کپتانی کی۔ میچز کا انعقاد آئی سی سی کی جانب سے ویمن کرکٹ کے معیار کو بہتر کرنے کی کاوش کا حصہ تھا۔

جویریہ خان آئی سی سی ویمنز گلوبل ڈویلمپنٹ اسکواڈ کی کپتان اور مینٹور تھیں۔

جویریہ خان نے سیریز کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ جس میں ان کی سرے اسٹارز کے خلاف 59 گیندوں پر 64 رنز کی اننگز نمایاں ہے۔ جویریہ خان نے سرے اسٹارز کے خلاف دوسرے میچ میں 35 گیندوں پر 40 رنز بنائے تھے۔ انہوں نے اسی میچ میں 19 رنز دے کر 2 کھلاڑیوں کو آؤٹ بھی کیا تھا۔

جویریہ خان:

اس موقع پر جویریہ خان کا کہنا ہے کہ مختلف کنڈیشنز میں جا کر ایک نئی ٹیم کی قیادت کرنابہترین تجربہ رہا۔ اس سیریز سے بہت کچھ سیکھنے کا موقع ملا۔

جویریہ خان نےکہا کہ ایونٹ میں ٹیم کی قیادت کرنا آسان نہیں تھا۔ اسکواڈ میں شامل

تمام کرکٹرز سیریز کے آغاز سے محض ایک روز قبل اکٹھی ہوئی تھیں تاہم ٹیم مینیجمنٹ کی مدد سے جلد ہی تمام کھلاڑی ایک پیج پر آچکی تھیں۔

انگلینڈ سے وطن واپسی پر جویریہ خان نے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں ٹریننگ کا آغاز کردیا ہے۔ 98 ایک روزہ اور 91 ٹی ٹونٹی میچوں میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والی جویریہ خان پرامید ہیں کہ وہ انگلینڈ میں منعقدہ ایونٹ سے حاصل ہونے والے تجربے کوآئندہ سیزن میں استعمال کریں گی۔

جویریہ خان کا کہنا ہے کہ آئندہ چند مہینوں میں قومی اور بین االاقوامی سطح پر بہت کرکٹ کھیلنی ہے جس کی تیاری کا آغاز کردیا ہے۔امید ہے انگلینڈ سے حاصل ہونے والا تجربہ مفید رہے گا۔

جویریہ خان کا ماننا ہے کہ حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں ٹریننگ کے لیے آنے والی کئی خواتین کرکٹرز مستقبل میں پاکستان کی نمائندگی کی اہلیت رکھتی ہیں۔

جویریہ خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ کی نئی مینیجمنٹ قومی خواتین کرکٹ کے فروغ میں خاص دلچسپی رکھتی ہے۔جس کی ایک مثال ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں بہتر سہولیات کے ساتھ ساتھ ٹرینرز اور کوچز کی موجودگی ہے۔

جویریہ خان نے کہا کہ میں یہاں ٹریننگ کے لیے آنے والی خواتین کرکٹرز کو اپنے تجربات کی روشنی میں مشورے دیتی رہتی ہوں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket

centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Commercial Partners

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4